QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 149

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ:19 دسمبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 20 دسمبر (بروز ہفتہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے کرانی، سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، ہزارہ ٹاون، سمنگلی ایکسپریس، سرکی روڈ، انڈسٹریل فیڈرز صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی نیز اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ائیر پورٹ روڈ، تکاتو، چشمہ، واسا، عمر، ادیان فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے جناح ٹاون، شہباز ٹاون، ملک پلانٹ، نواں کلی، عالم خان، مالک فیڈرز صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی جبکہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے عاصم آباد، انڈسٹریل بولان فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔اسکے علاوہ 21 دسمبر (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم فیڈر جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، بی ایم سی، کرانی، نیو اور اولڈ جان محمد، ہزارہ ٹاون فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ، حالی روڈ اور سٹی فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔علاوہ ازیں 20 دسمبر اور 22 دسمبر کو (روزانہ) زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 22 دسمبر (بروز پیر) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، داریم، خروٹ آباد اور دوستین فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے عالم خان، نواں کلی، مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی۔

دریں اثناء 20 دسمبر اور 21 دسمبر کو (روزانہ) صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک 220Kv ٹرانسمیشن لائن پر ٹیسٹنگ اور ضروری مرمت کے کام کئے جارہے ہیں جس کے باعث اس دورانیہ میں تقریباً 200 میگاواٹ برقی قلت پیدا ہوگی جسے لوڈ مینجمنٹ کے زریعے پورا کیا جائے گا۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنز پر ضروری نوعیت کے مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 20 دسمبر کو سریاب گرڈ اسٹشن کے سیٹلائٹ ٹاون، جڑ سا، سرکی روڈ، خیر بخش مری، غازی، اے ون سٹی فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 21 دسمبر (بروز اتوار) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے سید آباد، سٹی، سرینا، کانسی ون، نیو ایم ای ایس، نارکوٹیکس فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔